2886 ـ کافر ممالک میں شہریت حاصل کرنے کے لیے نصرانی عورت سے صرف کاغذی نکاح کرنا

سوال

کیا گرین کارڈ کے حصول کےلیے کسی امریکی نصرانی عورت سے شادی کرنا جائز ہے جس میں اس سے معاشرت نہ کی جائے یا پھر اس سے علیحدہ رہا جائے (اورنکاح صرف کاغذی کاروائي ہو) ؟
اس شادی سے میری نیت یہ ہے تا کہ میں بیوی کے ملک میں آجاسکوں اوراپنے والدین جو کہ میرے اصلی وطن میں رہائش پزیر ہیں کا تعاون کرسکوں اور کپیوٹر پروگرامر کی سند پر ملازمت کرسکوں ؟
اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ : وبعد ۔

ہم نے مندرجہ بالاسوال فضيلۃ الشيخ علامہ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

صرف شہریت حاصل کرنے کے لیے شادی کرنا اورپھراسے طلاق دینا شریعت اسلامیہ میں مجھے تویہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں ۔انتھی ۔

اوراسی طرح یہ بھی کہ نصرانی عورت سے صرف اوراق میں ہی نکاح کرنا ان کفار کے ساتھ حیلہ اورمکروفریب ہے جو کہ جائز نہیں ، کیونکہ اللہ تعالی ظلم کو پسند نہیں فرماتا حتی کہ کافر پر بھی اس ظلم کوپسند نہیں کرتا ہے ۔

واللہ اعلم .